فوری ریلیز کے لیے: 2/4/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

آئیے کر دکھائیں: نیو یارک کو مزید حسب استطاعت بنانے اور محنت کش خاندانوں کے لیے نبردآزما ریاستی بجٹ پیش کرنے کی خاطر، گورنر HOCHUL کی جنوبی سلسلے میں رہنماؤں کے ساتھ ریلیاں

گھروں اور اہم نوعیت کے انفراسٹرکچر کی تعمیر میں تیزی لانے کے لیے سرخ فیتے کا خاتمہ جبکہ ماحولیاتی حفاظتی اقدامات بدستور موجود

آٹو انشورنس کی لاگتوں میں کمی، دھوکہ دہی پر مبنی دعووں پر قابو پانے کی کوشش، نیز انشورنس کمپنیز نہیں بلکہ صارفین کو ترجیح

ریاست کے موسمیاتی قانون میں اصلاحات کے ذریعے بڑھتی ہوئی یوٹیلیٹی لاگتوں کے خلاف مضبوطی کے ساتھ قدم جما لیے گئے جبکہ صاف توانائی کے لیے عزم برقرار

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج جنوبی سلسلے میں کمیونٹی رہنماؤں اور منتخب حکام کے ہمراہ ریلی نکالی تاکہ نیو یارک کو مزید قابل استطاعت بنانے والا اور محنت کش خاندانوں کے لیے نبردآزما ایجنڈا پیش کیا جا سکے۔ گورنر نے اپنے ریاستی بجٹ منصوبے کی حمایت کی، جس کے تحت نیو یارک میں مزید رہائش گاہیں تعمیر کی جائیں گی، آٹو انشورنس کی لاگت کم کی جائے گی، ریاست کو بتدریج یونیورسل چائلڈ کیئر کی جانب لے جایا جائے گا، اور توانائی کو قابلِ استطاعت بنانے کو ترجیح دی جائے گی، خاص طور پر بڑھتے ہوئے یوٹیلیٹی اخراجات کے خلاف اقدامات کر کے جو ریاست بھر کے خاندانوں کو متاثر کر رہے ہیں۔

"میں آپ کی فیملیز کی خاطر جدوجہد کرنا کبھی نہیں چھوڑوں گی، خاص طور پر جب بات آٹو انشورنس اور یوٹیلٹیز کے اخراجات کم کرنے اور مزید رہائش گاہیں تعمیر کرنے کے لیے غیر ضروری انتظامی و ضابطہ جاتی پیچیدگیوں کو گھٹانے کی ہوگی،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "نیو یارک کے باشندے بخوبی جانتے ہیں کہ روزمرہ ضروریات کی لاگت حد سے زیادہ ہے اور اب وقت آ گیا ہے کہ ہم ایسا بجٹ فراہم کریں جو اس ریاست کو مزید حسب استطاعت اور رہنے کے قابل بنائے۔"

گزشتہ سال، گورنر کے FY26 ریاستی بجٹ نے 8.2 ملین سے زائد باشندوں کو مہنگائی ریفنڈ چیکس فراہم کر کے نیو یارک کے باشندوں کی جیبوں میں $5,000 تک واپس ڈالے، ریاست کی تاریخ میں چائلڈ ٹیکس کریڈٹ کی سب سے بڑی توسیع نافذ کی، متوسط طبقے کے ٹیکسز کو گزشتہ 70 سالوں کی کم ترین سطح تک کم کیا، اور تمام طلبہ کو مفت اسکول کھانے فراہم کیے۔ اس سال کا ایگزیکٹیو بجٹ آٹو انشورنس کی لاگتوں میں کمی، نیو یارک کو یونیورسل چائلڈ کیئر کی ترسیل کی شاہراہ پر گامزن کرتے ہوئے، درکار گھروں کی تعمیر کے لیے سرخ فیتے (یعنی غیر ضروری قانونی رکاوٹوں) کا خاتمہ کرتے ہوئے اور آسمان کو چھوتی یوٹیلیٹی لاگتوں کے خلاف مضبوطی سے قدم جماتے ہوئے اُسی پیش رفت کے سلسلے کو جاری رکھتا ہے۔

گورنر کے FY27 کے بجٹ کی جھلکیوں میں شامل ہیں:

نیو یارک بھر میں یونیورسل چائلڈ کیئر کی دستیابی

منصب سنبھالنے کے بعد سے، گورنر Hochul (ہوکل) نے نگہداشت اطفال میں $8 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے، جس کے نتیجے میں رسائی میں نمایاں اضافہ ہوا، نیز ریاست گیر سطح پر یونیورسل چائلڈ کیئر کے نفاذ کے لیے بنیادی کام انجام دیا گیا۔ اس سال گورنر نے چائلڈ کیئر اور ابتدائی تعلیم کے لیے $4.5 بلین کا اعلان کیا ہے، جس میں $1.7 بلین کی اضافی سرمایہ کاری بھی شامل ہے جو پری-کے کو حقیقی معنوں میں آفاقی بنائے گی اور نگہداشت اطفال کی سبسڈیز کو دسیوں ہزاروں خاندانوں تک پہنچائے گی۔

مزید برآں، گورنر کے منصوبے میں نئے نگہداشت اطفال کے ایسے پائلٹ پروگرامز کی تیاری کے سلسلے میں کاؤنٹیز کے ہمراہ شراکت داریاں بھی شامل ہیں جو آمدن سے قطع نظر خاندانوں کو اعلیٰ معیار کی حسب استطاعت نگہداشت فراہم کریں۔ اس پائلٹ پروگرام میں ریاست کی جانب سے پروگرامنگ کے لیے مجموعی طور پر $60 ملین کی فنڈنگ شامل ہوگی، جبکہ تینوں کاؤنٹیز میں سے ہر ایک کی جانب سے بھی نئی سرمایہ کاری کی جائے گی، اور خاص طور پر 0 سے 3 سال کی عمر کے بچوں کی خدمت پر توجہ کے ساتھ، نگہداشت اطفال تک رسائی کو وسعت دی جائے گی۔

انہیں تعمیر کرنے دیں: گھروں اور اہم نوعیت کے انفراسٹرکچر کی تعمیر میں تیزی لانے کے لیے غیر ضروری انتظامی و ضابطہ جاتی پیچیدگیوں کو گھٹانا

غیر ضروری انتظامی و ضابطہ جاتی پیچیدگیاں نیو یارک بھر میں اہم نوعیت کے ہاؤسنگ اور انفراسٹرکچر کے پروجیکٹس میں سست روی اور لاگت میں اضافے کا باعث بنتی ہیں۔ زیادہ اخراجات اور رہائش کی کمی کا واحد حل مزید رہائش گاہیں تعمیر کرنا ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) کا 'انہیں تعمیر کرنے دیں (Let Them Build)' نامی ایجنڈا اسٹیٹ انوائرمنٹل کوالٹی ریویو ایکٹ (State Environmental Quality Review Act, SEQRA) کو جدید بنانے کی تجویز پیش کرتا ہے۔ یہ اصلاحات گھروں اور انفراسٹرکچر پروجیکٹس کے بعض ایسے زمروں کو کہ جو ماحول پر کسی نمایاں منفی اثرات کی موجودگی نہ ہونے کو یقینی بنانے والے لائحہ عمل پر پورے اترتے ہوں، SEQRA جائزے سے استثنیٰ فراہم کریں گی۔ اس سے ریاست بھر کے علاقے اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ ہاؤسنگ اور صاف پانی اور نگہداشت اطفال کی سہولیات جیسے انفراسٹرکچر فراہم کر سکیں جو کہ نیو یارک کے شہریوں کو زیادہ تیزی کے ساتھ اور زیادہ مناسب لاگت کے ساتھ مطلوب ہیں۔

مزید برآں، گورنر Hochul (ہوکل) تجویز دے رہی ہیں کہ واضح ٹائم لائنز مقرر کر کے مقامی کمیونٹیز کے لیے فیصلوں کے عمل کو تیز کیا جائے، ایک نئی پرمٹنگ اکیڈمی کے ذریعے ان کی معاونت کی جائے، اور نئی ٹیکنالوجیز کے استعمال سے نیو یارک کے پرمٹنگ عمل کو جدید بنایا جائے۔

نیو یارک کے شہریوں کے لیے آٹو انشورنس کی لاگتوں میں کمی کے لیے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

نیو یارک کے شہری ملک میں گاڑیوں کے انشورنس کی بلند ترین شرحیں ادا کرتے ہیں جو اوسطاً سالانہ مجموعی لاگت $4,000 سے کچھ زیادہ بنتی ہے جو قومی اوسط سے تقریباً $1,500 زیادہ ہے۔ گاڑیوں کی انشورنس کی شرحیں دھوکہ دہی، عدالتی کارروائیوں، قانونی خلا اور نفاذ کی کمزوریوں جیسے عوامل کے باعث بڑھتی ہیں، جبکہ منصوبہ بند حادثات اور ان سے جڑی انشورنس فراڈ کی سرگرمیاں ہر فرد کے پریمیم میں اوسطاً سالانہ $300 تک اضافہ کر دیتی ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) دھوکہ دہی کے خلاف معقول اقدامات کر رہی ہیں، بد نیت عناصر کو ادا کی جانے والی رقوم محدود کر رہی ہیں، اور اس بات کو یقینی بنا رہی ہیں کہ انشورنس کمپنیوں کے بجائے صارفین کو ترجیح دی جاتی ہے۔

قابل استطاعت قیمتوں کے بحران سے نمٹنا اور ذمہ داری کے ساتھ موسمیاتی تبدیلی کے خلاف لڑائی

گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، نیو یارک صاف توانائی اور موسمیاتی کارروائیوں کے ضمن میں ایک قومی رہنما کا کردار نبھاتا آیا ہے اور نبھاتا رہے گا۔ ریاست کے پاس ملک کا پہلا فعال یوٹیلیٹی اسکیل آف شور ونڈ فارم موجود ہے جبکہ مزید دو زیرِ تعمیر ہیں۔ اس کے علاوہ، ریاست نے ملک کا پہلا کنجیشن پرائسنگ منصوبہ متعارف کرایا ہے، اپنے ڈسٹری بیوٹڈ سولر کے اہداف ایک سال پہلے ہی حاصل کر لیے ہیں، اور اس سال شیمپلین ہڈسن پاور

ایکسپریس پاور لائن شروع کرنے والی ہے، جو کیوبیک سے نیو یارک شہر تک درکار صاف ہائیڈرو پاور فراہم کرے گی۔

2019 میں کلائمٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ (Climate Leader & Community Protection Act, CLCPA) کے نفاذ کے وقت سے بہت سی تبدیلیاں رونما ہو چکی ہیں جن میں بعد از COVID کی بلند شرح افراطِ زر، سپلائی چین کے مسائل اور لاگتوں میں اضافے کا سبب بننے والے وفاقی ٹیرفس، نیز ایک ایسی وفاقی حکومت شامل ہیں جس نے قابل تجدید توانائی کے خلاف محاذ کھولنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔ ان مسائل نیز نیو یارک سے CLCPA کے 2030 کے لیے مختصر مدتی اہداف کی مکمل تعمیل کی خاطر ضوابط کے اجراء کا تقاضہ کرنے والے ایک عدالتی حکم کے نتیجے میں نیو یارک کو یوٹیلیٹی کے مہنگے بلوں اور پمپ پر گیس کی زیادہ قیمتوں کے سبب پہلے سے ہی مسائل میں گھرے نیو یارک کے شہریوں اور کاروباری اداروں پر کچل دینے والی لاگتیں عائد کرنا پڑتیں۔ اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے، گورنر CLCPA میں متعدد تبدیلیوں کی تجویز دے رہی ہیں جو کہ موسمیاتی تبدیلی کے خلاف لڑائی کے ریاست کے عزم کو بھی برقرار رکھتی ہیں جبکہ قابل استطاعت قیمتوں کو بھی ترجیح دیتی ہیں۔

گورنر Hochul (ہوکل) ایک شرح دہندہ کے تحفظ کا منصوبہ (Ratepayer Protection Plan) بھی پیش کر رہی ہیں جو یوٹیلیٹیز کو مزید قابل احتساب ٹھہرائے گا، ریگولیٹری ریٹ سیٹنگ کے عمل کی اصلاح کرے گا اور محنت کش خاندانوں کے لیے ریاست کے قابل استطاعت توانائی کے پروگرامز (Energy Affordability Programs) کو مزید قابل رسائی بنائے گا۔ یہ منصوبہ یوٹیلیٹی بلوں پر خفیہ فیسوں کا خاتمہ کرے گا، ایگزیکٹیو کی تنخواہ کو صارفین کی استطاعت سے منسلک کرے گا اور ڈیٹا سینٹرز سے تقاضا کرے گا کہ وہ بجلی کے لیے زیادہ ادائیگی کرتے ہوئے اپنا منصفانہ حصہ ادا کریں یا پھر اپنے لیے توانائی کی فراہمی کا خود بندوبست کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں